# NOTICE OF THE TWENTY-NINTH ANNUAL GENERAL MEETING

ptcl

Notice is hereby given that the twenty-ninth Annual General Meeting (the 'meeting') of Pakistan Telecommunication Company Limited (the 'Company') will be held on **Tuesday, May 28, 2024**, at **11:00 a.m.** at PTCL Office, Sector G-8/4, Islamabad, to transact the following business:

1. To confirm minutes of the 28th Annual General Meeting held on April 28, 2023.
2. To receive, consider and adopt the Audited Accounts for the year ended December 31, 2023, together with the Auditors' and Directors' reports.

   Pursuant to the provisions of Section 223(6) of the Companies Act, 2017 (the "Act"), the Annual Audited Financial Statements of the Company have been uploaded on the website of the Company which can be downloaded from the following link and/or QR enabled code:

| Weblink | QR Code |
|---|---|
| https://ptcl.com.pk/uploads/Annual%20Report%202023.pdf | |

3. To appoint Auditors for the financial year ending December 31, 2024, and to fix their remuneration.
4. To transact any other business with the permission of the Chair.

**By Order of the Board**

**Islamabad**
**Dated: May 7, 2024**

**Zahida Awan**
**Group Company Secretary**

## NOTES

**1. Participation in the Annual General Meeting**

In compliance with the instructions of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (the 'Commission') promulgated vide its various Circulars, the Members are encouraged to attend the AGM through video-link or by consolidating their attendance through proxies. The Members who are willing to attend and participate at the AGM through video-link are required to register their particulars by sending an email to **company.secretary@ptclgroup.com**

Such Members are requested to register by providing their credentials i.e. Name, Folio Number, Scanned copy of CNIC (both sides), Cell Phone Number, and Number of Shares held in their name through email with the subject 'Registration for PTCL's AGM'. Video link and login details will be shared with only those Members whose emails, containing all the required particulars, are received at the given email address before 05:00 p.m. on May 24, 2024. The Members can also provide their comments and suggestions related to the agenda items of the AGM at the email address: **company.secretary@ptclgroup.com**

The Company will follow the best practices and comply with the instructions of the Government and the Commission to ensure protective measures are in place for the well-being of its Members.

Any member of the Company entitled to attend and vote at this meeting may appoint another person as his/her proxy to attend and vote on his/her behalf. A corporate entity, being a member, may appoint any person, regardless of whether he is a member or not, as its proxy. In the case of corporate entities, a resolution of the Board of Directors /Power of Attorney with specimen signatures of the person nominated to represent and vote on behalf of the corporate entity shall be submitted to the Company along with a completed proxy form. Proxies in order to be effective must be received by the Company at the Registered Office not less than 48 hours before the time fixed for holding the meeting.

**2. Closure of Share Transfer Books**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from **May 21, 2024, to May 28, 2024** (both days inclusive). Transfers received by our Share Registrar, FAMCO Share Registration Services (Pvt.) Limited at 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S., Shahra-e-Faisal, Karachi at the close of business on **May 20, 2024,** will be treated in time for the purpose of attending the Annual General Meeting.

**3. Change of Address**

Members holding shares in physical form are requested to notify any change in address immediately to our Share Registrar, FAMCO Share Registration Services (Pvt.) Limited. Members holding shares in CDC/Participants accounts are requested to update their addresses with CDC or their Participants/Stock Brokers.

**4. Notice to shareholders who have not provided their CNICs**

As per directives of the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") issued vide S.R.O No. 831(I)/2012 dated July 5, 2012, the dividend warrants should bear the Computerized National Identity Card Number ("CNIC") of the registered shareholder or the authorized person, except in case of minor(s) and corporate shareholder(s). Members who have not yet submitted photocopies of their valid CNICs are once again requested to provide the same with their respective folio numbers to the Company's Share Registrar, FAMCO Share Registration Services (Pvt.) Limited to ensure disbursement of their dividend withheld with the Company. Members holding shares in CDC/Participants accounts are also requested to update their CNIC/NTN with CDC or their Participants/Stock Brokers.

**5. Payment of dividend electronically (e-mandate)**

Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for a listed Company to pay cash dividends to its shareholders only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders.

In order to receive dividends directly into their bank account, shareholders holding shares in physical form are requested to fill in the Electronic Credit Mandate Form available on the Company's website and send it duly signed along with a copy of CNIC to the Company's Share Registrar, FAMCO Share Registration Services (Pvt.) Limited at 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S., Shahra-e-Faisal, Karachi. Shareholders who hold shares with CDC or Participants/ Stock Brokers are advised to provide the mandate to CDC or their Participants/ Stock Brokers.

**6. Further Guidelines for CDC Account Holders**

CDC account holders will have to follow the guidelines issued by the SECP through its Circular 1 of January 26, 2000, stated herein below:

**A. For Attending the Meeting**

**(i)** In the case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in a group account and whose registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original CNIC or original passport at the time of attending the Meeting.

**(ii)** In the case of a corporate entity, a resolution of the Board of Directors / Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless the same has been provided to the Company earlier) at the time of the Meeting.

**B. For appointing Proxies**

**(i)** In the case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in a group account and whose registration details are uploaded as per the Regulations shall submit the proxy form as per the above requirement.

**(ii)** The proxy form shall be witnessed by two persons, whose names, addresses, and CNIC numbers shall be stated on the proxy form.

**(iii)** Attested copies of CNICs or passports of the beneficiary owner and the proxy shall be attached to the proxy form.

**(iv)** The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of the Meeting.

**(v)** In the case of a corporate entity, a resolution of the Board of Directors/ Power of Attorney with specimen signature should be submitted along with the proxy form to the Company.

**7. Consent for Video Conference Facility**

Members can also avail video conference facility in Karachi & Lahore. In this regard, please fill out the following and submit it to the registered address of the Company at least 10 days before holding of the meeting.

The video facility will be provided only if the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing in Karachi or Lahore, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to the date of the meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city.

The Company will intimate members regarding venue of video conference facility at least 5 days before the date of the meeting along with complete information necessary to enable them to access such facility.

I/we __________of___________, being a member of Pakistan Telecommunication Company Limited holder of __________ Ordinary Shares(s) as per Register Folio No. _________________ hereby opt for video conference facility at ____________.

____________________

**Signature of Member**

**8. Circulation of annual audited financial statements through QR enabled code and weblink**

As allowed by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide its Notification S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, the shareholders of the Company in their general meeting held on April 28, 2023, had authorized the Company to circulate the annual audited financial statements through QR enabled code and weblink instead of circulating the same through CD/DVD/USB. Soft copies of the Annual Audited Financial Statements are available on the Company's official website **www.ptcl.com.pk**

**9. Deduction of withholding tax on the amount of dividend**

The following information is being disseminated for the information of the members in accordance with the instructions of the SECP promulgated vide its Circular No. 19/2014 of October 24, 2014;

**(i)** The Government of Pakistan through Finance Act has made certain amendments in section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 whereby different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the companies. These tax rates are as under:

**a)** For filers of income tax returns: 15%

**b)** For non-filers of income tax returns: 30%

All shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL before the date for payment of future cash dividend otherwise tax on their cash dividend will be deducted as per the rates prescribed by the authority.

**(ii)** For any further query/problem/information, the investors may contact Company's Share, Registrar FAMCO Share Registration Services (Pvt.) Limited, 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S., Shahra-e-Faisal, Karachi (Ph.# +9221-34380101 and +9221-34380102
**Email: info.shares@famcosrs.com**

**(iii)** The corporate shareholders having CDC accounts are required to have their National Tax Number ("NTN") updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificate to the Company or its Share Registrar, FAMCO Share Registration Services (Pvt.) Limited. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote the company name and their respective folio numbers.

**10. Conversion of physical shares into book entry form**

Pursuant to the provisions of Section 72(2) of the Companies Act, 2017, Shareholders having physical shareholding are encouraged to open a CDC Sub - Account with any authorized Broker or Investor Account directly with CDC, to convert their existing physical shares into scriptless form. It would be pertinent to note that per the existing regulations of the Pakistan Stock Exchange Limited, trading of physical shares is not permitted. Conversion of physical shares into scriptless form will facilitate the shareholders in many ways e.g. safe custody and ease of sale or purchase of shares at their convenience.

26cm x 32cm

# انتیسویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

ptcl

اطلاع دی جاتی ہے کہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ کا انتیسواں سالانہ اجلاس عام مورخہ 28 مئی 2024 بروز منگل، صبح 11:00 بجے پی ٹی سی ایل آفس، سیکٹر جی ایٹ فور، اسلام آباد میں منعقد ہوگا جس میں درج ذیل معاملات زیر بحث لائے جائیں گے۔

1۔ اٹھائیس اپریل 2023 کو منعقدہ اٹھائیسویں سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی تصدیق

2۔ 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس مع آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ کو وصول کرنا، زیر غور لانا اور اختیار کرنا

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (6)223 کے مطابق کمپنی کی سالانہ آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ پہ اپلوڈ کی جاچکی ہیں جو مندرجہ ذیل لنک یا کیو آر کوڈ کے تحت ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہیں۔

| Weblink | QR Code |
| --- | --- |
| https://ptcl.com.pk/uploads/Annual%20Report%202023.pdf | |

3۔ 31 دسمبر 2024 کو مکمل ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین

4۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی بھی اور معاملہ زیر بحث لانا۔

بحکم بورڈ

**زاہدہ اعوان**

گروپ کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد

مورخہ 7 مئی 2024

## نوٹس

### 1۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (کمیشن) کے مختلف سرکلرز کے ذریعے جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں ممبران کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کریں یا پراکسیز کے ذریعے اپنی حاضری کو یقینی بنائیں۔ جو ممبران ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے کے خواہش مند ہیں، انہیں company.secretary@ptclgroup.com پر رجسٹریشن کے لئے اپنی تفصیلات ای میل کرنا ضروری ہیں۔

ایسے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ رجسٹریشن کے لئے اپنے تمام کوائف یعنی نام، فولیو نمبر، قومی شناختی کارڈ کی سکین شدہ کاپی (دونوں اطراف)، موبائل فون نمبر اور اپنے نام شیئرز کی تعداد بذریعہ ای میل بعنوان 'Registration for PTCL's AGM' بھیجیں۔ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کی جائیں گی جن کی ای میلز تمام مطلوبہ کوائف کے ہمراہ 24 مئی 2024 شام 5 بجے سے پہلے دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہوں گی۔ ممبران سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈے میں شامل آئٹمز سے متعلق اپنے تاثرات اور تجاویز ای میل ایڈریس company.secretary@ptclgroup.com پر بھی دے سکتے ہیں۔

کمپنی اپنے ممبران کی فلاح و بہبود کے لئے تمام حفاظتی اقدامات کو یقینی بنانے کے لئے حکومت اور کمیشن کی ہدایات کی روشنی میں تمام تر احتیاطی تدابیر کو یقینی بنائے گی۔

کمپنی کا کوئی بھی ممبر جسے اجلاس میں شریک ہونے اور اس میں ووٹ کرنے کا حق حاصل ہے، وہ کسی اور شخص کو اپنی جگہ شریک ہونے اور ووٹ ڈالنے کے لئے مقرر کرسکتا ہے۔ ایک کارپوریٹ ادارہ جو ممبر ہو، اپنی پراکسی کے طور پہ کسی بھی شخص کو مقرر کر سکتا ہے، قطع نظر اس کے کہ وہ رکن ہے یا نہیں۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا مختار نامہ، کارپوریٹ ادارے کی جگہ شریک ہونے اور ووٹ کرنے کے لئے مقرر کردہ شخص کے نمونہ دستخط، مکمل پر کردہ پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی میں جمع کرائے جائیں۔ پراکسیز کے موثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اجلاس کے انعقاد کے لئے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کو رجسٹرڈ شدہ آفس پہ موصول ہوجانی چاہئیں۔

### 2۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 21 مئی 2024 سے 28 مئی 2024 (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار، FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8 ایف، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل کراچی کو 20 مئی 2024 کو کاروباری اوقات کار کے اختتام تک موصول ہونے والی ٹرانسفرز سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے بروقت تصور ہوں گی۔

### 3۔ پتے کی تبدیلی

جن ممبران کے پاس شیئرز فزیکل فارم میں موجود ہیں، ان سے گزارش ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار، FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔
جن ممبرز کے شیئرز سی ڈی سی یا پارٹسپینٹس اکاؤنٹس میں ہیں، ان سے بھی گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے نئے پتے سی ڈی سی کے ساتھ یا اپنے پارٹسپینٹس / سٹاک بروکرز کے پاس درج کروادیں۔

### 4۔ قومی شناختی کارڈ فراہم نہ کرنے والے شیئر ہولڈرز کے لئے اطلاع

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایات بذریعہ ایس آر او نمبر 2012(1)831 مورخہ 5 جولائی 2012 کے مطابق منافع کے وارنٹس پر رجسٹرڈ شیئر ہولڈر یا مجاز فرد (ماسوائے نابالغ اور کارپوریٹ شیئر ہولڈرز) کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر درج ہونا ضروری ہے۔ جن ممبران نے ابھی تک اپنے درست قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپیاں جمع نہیں کروائی ہیں، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ فولیو نمبر کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کردیں تاکہ کمپنی کے ہاں جمع شدہ منافع کی ادائیگی یقینی بنائی جاسکے۔ جن ممبرز کے شیئرز سی ڈی سی یا پارٹسپینٹس اکاؤنٹس میں ہیں، ان سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے قومی شناختی کارڈ یا این ٹی این سی ڈی سی یا اپنے پارٹسپینٹس / سٹاک بروکرز کو فراہم کردیں۔

### 5۔ منافع کی الیکٹرونک ذریعے سے ادائیگی (ای مینڈیٹ)

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 242 کے مطابق لسٹڈ کمپنی کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کا منافع صرف الیکٹرونک طریقے سے حقدار شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست جمع کروائے۔
اپنے بینک اکاؤنٹ میں منافع براہ راست وصول کرنے کے لئے وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس شیئرز فزیکل فارم میں ہیں، وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پر کریں اور دستخط کر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8 ایف، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کے پتے پہ ارسال کردیں۔
جن ارکان کے شیئرز سی ڈی سی یا پارٹسپینٹس / سٹاک بروکرز کے پاس ہیں، ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مینڈیٹ سی ڈی سی یا اپنے پارٹسپینٹس / سٹاک بروکرز کو فراہم کردیں۔

### 6۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے مزید ہدایات

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ایس ای سی پی کی جاری کردہ ہدایات بذریعہ سرکلر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 کی تعمیل کرنا ہوگی جو مندرجہ ذیل ہیں۔

(الف) اجلاس میں شرکت کیلئے

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپلوڈ ہیں، اجلاس میں شرکت کے موقع پر اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ کے ذریعے اپنی شناخت (مرد یا عورت) کی توثیق کریں گے۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس کے موقع پر، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی کے ساتھ نامزد شدہ فرد کے نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) پیش کرنا ہوں گے۔

(ب) پراکسی کی تقرری کے لئے

افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا ضابطے کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں۔

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا ضابطے کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں۔

(ii) پراکسی فارم پر دو افراد کے بطور گواہ دستخط ہونے چاہئیں جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم میں درج ہوں۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ اصل مالک اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول منسلک کی جائیں۔

(iv) پراکسی (مرد یا عورت) کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی مع دستخطی نمونے کمپنی کو جمع کرائی جائیں۔

### 7۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی

ممبران کراچی اور لاہور میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ اس ضمن میں وہ درج ذیل خاکے کو پر کر کے اجلاس عام سے کم از کم دس روز پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پہ جمع کروائیں۔ ویڈیو کی سہولت صرف اسی صورت میں فراہم کی جائے گی اگر کمپنی کو ایسے اراکین کی جانب سے رضامندی حاصل ہو جو کراچی یا لاہور کے رہائشی ہوں اور مجموعی طور پہ 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئرز رکھتے ہوں۔
ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لئے کم از کم 10 دن قبل بتایا جائے تاکہ کمپنی مطلوبہ شہر میں اس طرح کی سہولت کی دستیابی سے مشروط ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرسکے۔
کمپنی اجلاس عام کی تاریخ انعقاد سے کم از کم پانچ دن قبل ممبرز کو ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے ساتھ وہاں تک رسائی کی مکمل معلومات فراہم کرے گی۔

میں / ہم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ساکن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ کے ایک رکن ہونے کے طور پر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آرڈنری شیئرز رکھتے ہیں جس کا رجسٹرڈ فولیو نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے، بذریعہ ہذا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتے ہیں۔

---------------------------------

ممبر کے دستخط

### 8۔ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی بذریعہ کیو آر کوڈ اور ویب لنک ترسیل

مورخہ 21 مارچ 2023 کو جاری کردہ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے نوٹیفکیشن ایس آر او 2023/(1)389 کے مطابق، کمپنی شیئر ہولڈرز نے مورخہ 28 اپریل 2023 کو منعقدہ اجلاس عام میں کمپنی کو اجازت دی تھی کہ آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کو سی ڈی، ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے ذریعے ارسال کرنے کی بجائے ان کی ترسیل بذریعہ کیو آر کوڈ یا ویب لنک کی جائے۔

سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی سافٹ کاپیز کمپنی کی آفیشل ویب سائٹ www.ptcl.com.pk پر دستیاب ہیں۔

### 9۔ منافع کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

مندرجہ ذیل معلومات ارکان کی معلومات کے لئے ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر 19/2014 بتاریخ 24 اکتوبر 2014 کے مطابق دی جارہی ہیں۔ حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 150 میں بعض ترامیم کی ہیں جس کے سبب کمپنیوں کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کے مختلف ریٹس تجویز کئے گئے ہیں۔ یہ ریٹس حسب ذیل ہیں۔

(i): حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 150 میں بعض ترامیم کی ہیں جس کے سبب کمپنیوں کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کے مختلف ریٹس تجویز کئے گئے ہیں۔
یہ ریٹس حسب ذیل ہیں۔

a) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے والوں کے لئے 15%

b) انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے لئے 30%

وہ تمام حصص یافتگان جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پہ ایکٹو ٹیکس پیئرز (ATL) لسٹ میں درج نہیں ہیں قطع نظر اس امر کے کہ وہ فائلرز ہیں، کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ آئندہ نقد منافع کی ادائیگی کی تاریخ سے قبل اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کا نام (ATL) میں درج ہو، بصورت دیگر ان کے نقد منافع پر ٹیکس کی کٹوتی اتھارٹی کی مقرر کردہ شرح پر کی جائے گی۔

(ii) مزید استفسار / مسئلہ / معلومات کے لئے سرمایہ کار کمپنی کے شیئر رجسٹرار، FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8 ایف، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل کراچی (فون# 34380101-9221+ اور 34380102-9221+ ای میل: (info.shares@famcosrs.com) سے رابطہ کریں۔

(iii) سی ڈی سی اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے متعلقہ شرکا کے ہاں اپنا تازہ ترین نیشنل ٹیکس نمبر درج کروائیں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بھیجیں۔ این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹس بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

### 10۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 72(2) کے مطابق، فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بااختیار بروکر کے ساتھ ذیلی اکاؤنٹ کھولیں، یا سی ڈی سی کے ساتھ براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں تاکہ وہ اپنے موجودہ فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس شکل میں تبدیل کرسکیں۔ یاد رہے کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے موجودہ ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔
فزیکل شیئرز کو سکرپ لیس شکل میں تبدیل کرنے سے شیئر ہولڈرز کو کئی سہولیات حاصل ہوں گی مثلاً شیئرز کی محفوظ تحویل اور اپنی سہولت کے مطابق ان کی خرید و فروخت میں آسانی وغیرہ۔

26cm x 32cm